بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب
روزنامہ آفاق سرینگر
Daily AFAAQ Srinagar
بدھوار ۲۵ مارچ ۲۰۲۶ء بمطابق ۵ شوال المکرّم ۱۴۴۷ھ

## اقوال زریں

زندگی کی تلخیوں کو سمجھو، وہی تمہیں مضبوط بناتی ہیں، ہیرالڈ ولنسن

## دنیا کے لئے خطرے کی گھنٹی

جنوبی ایشیا میں جاری کشیدگی نے نہ صرف خطے کے ممالک کو بے چینی میں مبتلا کر رکھا ہے بلکہ اس کے اثرات پوری دنیا میں محسوس کئے جا رہے ہیں۔ معاشی عدم استحکام سے لے کر سفارتی تناؤ تک، ہر ملک کسی نہ کسی انداز میں اس صورتِ حال سے متاثر ہو رہا ہے۔ عالمی تجارت، توانائی کی فراہمی، بین الاقوامی تعلقات اور خطے کی امن و سلامتی سب کچھ ایک نازک موڑ پر کھڑے ہیں۔

آج پارلیمنٹ میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے دیا گیا بیان اس حقیقت کی گواہی ہے کہ معاملہ صرف سرحدوں یا دو ممالک کا نہیں، بلکہ پوری انسانیت کا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صورتِ حال تشویش ناک ہے اور ملک کو بدترین حالات کے لیے تیار رہنا ہوگا۔ جنگ، چاہے کہیں بھی ہو، اس کا زخم محدود نہیں رہتا؛ اس کی آگ معاشروں، معیشتوں اور آنے والی نسلوں کو جلا ڈالتی ہے۔ صورتحال کی نزاکت کو بھانپتے ہوئے وزیر اعظم نے ملک میں مشترکہ طور اس چلینج سے نمٹنے پر زور دیا۔ صورتحال اگر مزید بگڑ جاتی ہے تو ایک غیر یقینی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔ خصوصاً توانائی کے اعتبار سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اگرچہ سرکار نے اپنی جانب سے تیاریاں کی ہیں لیکن جنگ کی جو موجودہ صورتحال ہے وہ تباہ کن ہے۔ یورپی ممالک پہلے ہی گیس اور پیٹرولیم کی قلت سے نمٹ رہے ہیں جبکہ جنگ میں طوالت پوری دنیا کیلئے مسائل پیدا کر سکتی ہے۔

وزیر اعظم نے اس امر پر بھی زور دیا کہ ایسے نازک موڑ پر اجتماعی کوششوں کی ضرورت سب سے بڑھ کر ہے۔ کوئی بھی ملک اکیلا اس طوفان کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ عالمی رہنماؤں، علاقائی طاقتوں اور اقوامِ متحدہ کو مل کر ایسے اقدامات کرنے ہوں گے جو نہ صرف جنگ کے پھیلاؤ کو روکیں بلکہ پائیدار امن کی بنیاد بھی رکھیں۔

تاہم ان اندھیروں میں ایک ہلکی سی روشنی بھی موجود ہے۔ فریقین کے درمیان مذاکرات کا آغاز ایک مثبت پیش رفت ہے، جس سے امید بندھتی ہے کہ جنگ کے بادل چھٹ سکتے ہیں۔ دنیا اس وقت اس امید کی منتظر ہے کہ گفتگو کے ذریعے جنگ کو نہ صرف روکا جائے بلکہ خطے میں دیرپا امن قائم ہو سکے۔ انسانیت اس بات کی متقاضی ہے کہ ہر قدم امن کی جانب اٹھایا جائے۔

آج کی دنیا میں جنگ کسی ایک قوم یا ایک خطے کو نہیں، پوری انسانیت کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے۔ لہٰذا یہ وقت ہے کہ عالمی برادری اختلافات کو پسِ پشت ڈال کر امن، تعاون اور حکمتِ عملی سے اس بحران کا حل تلاش کرے۔ جنگ کا نہ کوئی فاتح ہوتا ہے نہ کوئی انجام، بس تباہی۔ اس لئے امن کی طرف بڑھا ہر قدم نہ صرف جنوبی ایشیا بلکہ پوری دنیا کے مفاد میں ہے۔

## حقیقت یا مفروضہ



شمس آغاز
ایڈیٹر، دی کوریج
9716518126
shamsaghazrs@gmail.com

اسلام کی تاریخ کے حوالے سے سب سے زیادہ دہرایا جانے والا اور متنازعہ دعویٰ یہ ہے کہ اسلام ''تلوار کے زور پر پھیلا''۔ یہ جملہ محض ایک تاریخی بیان نہیں بلکہ ایک بیانیہ ہے جسے مختلف ادوار میں مختلف سیاسی، فکری اور تہذیبی مقاصد کے تحت استعمال کیا گیا۔ اس تصور کی سچائی جانچنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم تاریخ کو سادہ نعروں کے بجائے پیچیدہ سماجی، سیاسی اور ثقافتی عمل کے طور پر دیکھیں۔ مذہب کا پھیلاؤ کبھی بھی ایک واحد سبب سے نہیں ہوتا، بلکہ متعدد عوامل مل کر اس عمل کو تشکیل دیتے ہیں۔

ابتدائی اسلامی دور میں عرب معاشرہ قبائلی ساخت رکھتا تھا جہاں سیاسی طاقت اور مذہبی شناخت اکثر ایک دوسرے سے جڑی ہوتی تھی۔ اسلام کے ظہور کے بعد عرب میں سیاسی اتحاد پیدا ہوا جس کے نتیجے میں ریاستی توسیع ہوئی۔ یہ توسیع فوجی فتوحات کے ذریعے بھی ہوئی، جیسا کہ اس دور کی دیگر سلطنتوں بازنطینی اور ساسانی میں ہوتا تھا۔ تاہم فتوحات کو براہ راست مذہبی جبر کے مترادف قرار دینا تاریخی لحاظ سے درست نہیں، کیونکہ سیاسی اقتدار کا قیام اور مذہبی تبدیلی دو مختلف عمل ہوتے ہیں۔

تاریخی شواہد بتاتے ہیں کہ شام، مصر اور عراق جیسے علاقوں میں مسلم حکومت قائم ہونے کے بعد بھی صدیوں تک بڑی غیر مسلم آبادی موجود رہی۔ اگر جبری تبدیلی مذہب عمومی پالیسی ہوتی تو چند دہائیوں میں مذہبی نقشہ مکمل طور پر بدل جانا چاہیے تھا، جو کہ نہیں ہوا۔ مصر میں عیسائی آبادی صدیوں تک اکثریت میں رہی، اسی طرح شام اور عراق میں بھی مذہبی تنوع برقرار رہا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام کی قبولیت ایک تدریجی سماجی عمل تھا۔

اسلام کے پھیلاؤ میں تجارت نے انتہائی اہم کردار ادا کیا۔ عرب اور بعد میں مسلم تاجر افریقہ کے ساحلی علاقوں، وسطی ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا تک پہنچے۔ انڈونیشیا، جو آج دنیا کی سب سے بڑی مسلم آبادی رکھتا ہے، وہاں اسلام کسی بڑی فوجی فتح کے ذریعے نہیں بلکہ تاجروں اور صوفیا کے ذریعے پھیلا۔ یہی صورت حال ملائیشیا اور مشرقی افریقہ کے کئی علاقوں میں بھی دیکھی جا سکتی ہے۔ تاجروں کی دیانت داری، معاہداتی اخلاقیات اور سماجی تعلقات نے اسلام کو ایک قابلِ قبول متبادل کے طور پر پیش کیا۔

برصغیر میں اسلام کے پھیلاؤ کو سمجھنے کے لیے صوفی تحریک کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ صوفیاء نے مقامی زبانوں میں گفتگو کی، مذہب کو سخت قانونی ڈھانچے کے بجائے روحانی تجربے کے طور پر پیش کیا اور سماجی مساوات کا تصور دیا۔ ذات پات کے تحت نظام میں یہ پیغام بہت سے لوگوں کے لیے کشش رکھتا تھا۔ خانقاہیں صرف مذہبی مراکز نہیں تھیں بلکہ وہ سماجی بہبود، تعلیم و تربیت، روحانی رہنمائی اور ثقافتی تبادلے کے فعال مراکز بھی تھیں، جہاں ہر طبقے، نسل اور پیشے سے تعلق رکھنے والے افراد کو یکساں اہمیت دی جاتی تھی۔ صوفیاء کے اخلاق، محبت، خدمتِ خلق، برداشت اور انسان دوستی پر مبنی طرزِ عمل نے لوگوں کے دل جیتے اور اسلام کو ایک نرم، جامع اور انسان دوست دین کے طور پر متعارف کروایا۔ اس طرح اسلام کا پھیلاؤ ایک تدریجی، پرامن اور معاشرتی تعامل کے ذریعے ممکن ہوا۔

اسلامی فکر میں مذہبی آزادی کا اصول بھی اہم ہے۔ قرآن کی آیت ''لا اکراہ فی الدین'' کو اکثر علماء اس بات کی دلیل کے طور پر پیش کرتے ہیں کہ ایمان کا تعلق ذاتی یقین سے ہے نہ کہ جبر سے۔ تاریخی طور پر مختلف مسلم ریاستوں میں غیر مسلموں کو اپنے مذہب پر عمل کی اجازت دی گئی، اگرچہ ان کی قانونی و سماجی حیثیت ایک الگ بحث کا موضوع ہے۔ اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ مذہبی تبدیلی کو ریاستی جبر کی مستقل پالیسی کے طور پر نہیں دیکھا جا سکتا۔

استعماری دور میں اسلام تلوار سے پھیلا کا بیانیہ زیادہ مضبوط ہوا۔ یورپی استعماری طاقتوں نے اسے مسلم معاشروں کو جنگجو یا توسیع پسند ثابت کرنے کے لیے استعمال کیا۔ اس بیانیے نے علمی مباحث کو بھی متاثر کیا۔ تاہم بیسویں صدی کے بعد کی تحقیق خاص طور پر سماجی تاریخ نے اس تصور کو چیلنج کیا اور دکھایا کہ مذہب کی قبولیت زیادہ تر سماجی نیٹ ورکس، معاشی مواقع اور ثقافتی میل جول کے ذریعے ہوتی ہے۔

مذہبی تبدیلی کے نفسیاتی اور سماجی پہلو بھی اہم ہیں۔ لوگ عموماً اس مذہب کو قبول کرتے ہیں جو انہیں شناخت، برابری، تحفظ یا روحانی معنی فراہم کرے۔ اسلام نے کئی معاشروں میں مساوات، خیرات کے نظام، برادری کے تصور اور اخلاقی ضابطے کے ذریعے یہ احساس فراہم کیا۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام وہاں بھی پھیلا جہاں مسلم سیاسی طاقت موجود نہیں تھی یا ختم ہو گئی تھی۔

مثال کے طور پر وسطی ایشیا میں منگول دور کے بعد اسلام مضبوط ہوا، حالانکہ ابتدائی منگول حکمران مسلمان نہیں تھے۔ اسی طرح افریقہ کے کئی علاقوں میں مقامی حکمرانوں اور تاجروں کے ذریعے اسلام پھیلا۔ یہ مثالیں اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ مذہب کا پھیلاؤ طاقت کے بجائے سماجی عمل سے زیادہ وابستہ ہوتا ہے۔

یہ بھی سمجھنا ضروری ہے کہ ''تلوار'' کا استعارہ اکثر علامتی طور پر استعمال ہوتا ہے۔ بعض اوقات اس سے مراد سیاسی طاقت، ریاستی سرپرستی یا سماجی فائدے ہوتے ہیں، نہ کہ براہ راست جبر۔ جب کوئی مذہب ریاستی سطح پر نمایاں ہوتا ہے تو اس کے ماننے والوں کو معاشی یا انتظامی مواقع مل سکتے ہیں، جو بالواسطہ مذہبی تبدیلی کو متاثر کرتے ہیں۔ لیکن اسے جبری تبدیلی کہنا سادہ کاری ہے۔ جدید دور میں اس بحث کی اہمیت اس لیے بھی ہے کیونکہ مذہب اور تشدد کے تعلق کو سیاسی مباحث میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر تاریخ کو یک رخا انداز میں پیش کیا جائے تو وہ تعصب کو تقویت دے سکتی ہے۔ ایک متوازن تاریخی نقطۂ نظر نہ صرف علمی طور پر درست ہے بلکہ سماجی ہم آہنگی کے لیے بھی ضروری ہے۔

یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسلام کے پھیلاؤ کو صرف تلوار کے تصور سے جوڑنا تاریخی حقیقت کی پیچیدگی کو نظر انداز کرنا ہے۔ فتوحات ایک عنصر ضرور تھیں، لیکن دعوت، تجارت، صوفی تحریک، سماجی انصاف، ثقافتی تعامل اور مقامی حالات زیادہ اہم اور دیرپا عوامل ثابت ہوئے۔ مذہب کی قبولیت ایک تدریجی عمل ہے جو دل، ذہن اور معاشرتی تجربے سے جڑا ہوتا ہے۔

اس لیے ''اسلام تلوار کے زور سے پھیلا'' کا عمومی دعویٰ ایک سادہ مفروضہ ہے، جبکہ تاریخی شواہد ایک زیادہ متوازن، جامع اور پیچیدہ تصویر پیش کرتے ہیں۔ علمی دیانت، تحقیقی روشنی اور حقیقت پسندی کا تقاضا یہی ہے کہ ہم تاریخ کو نعروں، عمومی رائے یا سطحی تاثرات کے بجائے مفصل شواہد، مختلف تناظر، سماجی و ثقافتی عوامل، اقتصادی حالات اور مقامی تنوع کے ساتھ سمجھیں۔ اس طرح ہم محض کسی ایک پہلو پر انحصار کیے بغیر، تاریخ کے حقیقی اور گہرے عمل کو دیکھ سکتے ہیں، جس میں انسانی رویوں، معاشرتی تعلقات، تجارتی روابط، سیاسی حالات اور مذہبی اثرات سب ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔ اس طرح کا علمی نقطۂ نظر نہ صرف تاریخی درستگی کو یقینی بناتا ہے بلکہ مختلف تہذیبوں اور معاشروں کی پیچیدگی کو بھی اجاگر کرتا ہے، اور ہمیں ماضی کے بارے میں زیادہ متوازن اور معتبر فہم فراہم کرتا ہے۔

## جنگ حل نہیں، تباہی کا راستہ ہے



تحریر: اظہر نصیر

جنگ کو اکثر طاقت کا اظہار سمجھا جاتا ہے۔ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ جنگ انسانیت کی شکست ہے۔ یہ مسئلوں کو حل نہیں کرتی۔ یہ نئے مسئلے پیدا کرتی ہے۔ شہر ویران ہوتے ہیں۔ خاندان بکھر جاتے ہیں۔ معیشت کمزور ہوتی ہے۔ دلوں میں نفرت بڑھتی ہے۔

قرآن ہمیں امن کی طرف بلاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر دشمن صلح کی طرف مائل ہو تو تم بھی صلح کی طرف مائل ہو جاؤ۔ یہ ہدایت واضح ہے۔ اسلام جنگ کو پسند نہیں کرتا۔ جنگ صرف آخری راستہ ہے۔ وہ بھی سخت شرائط کے ساتھ۔

قرآن میں ایک اور اصول دیا گیا ہے۔ ایک بے گناہ انسان کا قتل پوری انسانیت کے قتل کے برابر ہے۔ اس آیت میں انسانی جان کی حرمت بیان کی گئی ہے۔ جنگ میں سب سے زیادہ نقصان بے گناہوں کو ہوتا ہے۔ عورتیں، بچے، بوڑھے اس آگ میں جلتے ہیں۔ یہ اسلام کے اصولوں کے خلاف ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے۔ آپ نے ہمیشہ امن کو ترجیح دی۔ صلح حدیبیہ اس کی روشن مثال ہے۔ اس معاہدے نے وقتی طور پر بظاہر نقصان دکھایا۔ مگر اس نے امن کا دروازہ کھولا۔ لوگ اسلام کو سمجھنے لگے۔ دل نرم ہوئے۔ یہی حقیقی کامیابی تھی۔

احادیث میں ظلم سے روکا گیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ظالم نہ بنو اور نہ ظلم کو برداشت کرو۔ جنگ میں اکثر ظلم بڑھتا ہے۔ حدود ٹوٹتی ہیں۔ انسانیت پامال ہوتی ہے۔ اس لیے اسلام عدل اور صبر کی تعلیم دیتا ہے۔ جنگ کے اثرات صرف میدان تک محدود نہیں رہتے۔ یہ نسلوں تک چلتے ہیں۔ بچے یتیم ہوتے ہیں۔ تعلیم رک جاتی ہے۔ نفسیاتی زخم گہرے ہوتے ہیں۔ معاشرہ عدم استحکام کا شکار ہوتا ہے۔ یہ سب اس بات کا ثبوت ہے کہ جنگ کسی مسئلے کا مستقل حل نہیں۔

اسلام ہمیں صبر سکھاتا ہے۔ صبر کمزوری نہیں۔ یہ طاقت ہے۔ یہ وہ راستہ ہے جو انسان کو بہتر فیصلے کی طرف لے جاتا ہے۔ قرآن میں صبر کرنے والوں کے لیے بڑی خوشخبری دی گئی ہے۔ یہی لوگ کامیاب ہوتے ہیں۔

عدل بھی اسلام کا بنیادی اصول ہے۔ جب تک انصاف قائم نہیں ہوگا، امن قائم نہیں ہوسکتا۔ جنگ انصاف کو مزید دور کر دیتی ہے۔ اس لیے ہمیں مکالمہ اختیار کرنا چاہیے۔ بات چیت سے مسائل حل ہوتے ہیں۔ دل قریب آتے ہیں۔ نفرت کم ہوتی ہے۔ آج دنیا کو اس پیغام کی ضرورت ہے۔ طاقت کے بجائے حکمت کو اپنایا جائے۔ ہتھیاروں کے بجائے الفاظ کا استعمال کیا جائے۔ اختلاف کو دشمنی نہ بنایا جائے۔ یہی راستہ پائیدار امن کی طرف لے جاتا ہے۔

ہمیں اپنے رویوں کو بدلنا ہوگا۔ اپنے اندر برداشت پیدا کرنی ہوگی۔ دوسروں کے حقوق کا احترام کرنا ہوگا۔ یہی وہ اقدار ہیں جو ایک مضبوط اور پرامن معاشرہ بناتی ہیں۔ جنگ وقتی فتح دے سکتی ہے۔ مگر یہ دلوں کو ہار دیتی ہے۔ اصل کامیابی امن میں ہے۔ یہی وہ راستہ ہے جو انسانیت کو بچا سکتا ہے۔

## انسانی مزاج کے مختلف پہلو

ماجد مجید
کشمیر یونیورسٹی سرینگر

بنیادی طور پر انسان کو مزاج اور رویے کے اعتبار سے دو گروہوں میں تقسیم کیا جاتا ہے پہلا جو مجلس پسند ہوں اور تنہائی سے گھبراتے ہوں بلکہ ہر وقت سیر سپاٹے کرنے لوگوں سے ملنے جلنے اور خوش گپیوں میں خوش رہتے ہو انہیں (بیروں بین extroverts) کہا جاتا ہے۔ ان کے برعکس دوسرا گروہ تنہائی پسند، غور و فکر کرنے والے، اپنے خیالوں میں مگن رہنے اور محفلوں سے حتی المقدور اجتناب کرنے والے لوگ (دروں بین introverts) کہلاتے ہیں ان کے علاوہ ایک تیسری کیفیت ان دو رویوں کے خوبصورت توازن سے پیدا ہوتی ہے۔ ایسے لوگ جن کی شخصیات میں مذکورہ دونوں رویے توازن کے ساتھ موجود ہوں وہ (دو بین ambiverts) کہلاتے ہیں۔ لیکن ایسا شاذ و نادر ہی ہوتا ہے کہ ایک شخص میں دونوں رویے توازن کے ساتھ موجود ہوں۔ اس لئے دو بین ambiverts قسم کے لوگ عملاً بہت ہی کم ہوتے ہیں اور عمومی طور پر دنیا میں مزاج کے اعتبار سے مندرجہ بالا دو اقسام کے لوگ ہی پائے جاتے ہیں۔ دروں بین introverts قسم کے لوگ غور و فکر کی عادت کے باعث فطرت کے حقائق کو بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں۔ کائنات کے بارے میں سوچ بچار کے نتیجے میں قدرت ان سے ہم کلام ہوتی ہے اور اس سلسلے میں اہم حقائق ان پر منکشف ہوتے ہیں، ایسے لوگ اپنی فطرت سلیمہ اور عقل سلیم کی رہنمائی میں اللہ کو بھی پہچان لیتے ہیں، آخرت کی ضرورت اور حقیقت کو بھی سمجھ کر جان لیتے ہیں کہ بندگی صرف اللہ ہی کی کرنی چاہیے۔ البتہ بیروں بین extroverts قسم کے لوگ جبکہ خود کو کھیل کود، سیر سپاٹے، میل ملاقات وغیرہ میں مصروف رکھتے ہیں، اس لئے ان کا طبعی میلان غور و فکر کی طرف نہیں ہوتا، ایسے لوگ کسی الہامی دعوت کو سمجھنے میں ہمیشہ دیر کرتے ہیں اگر کبھی کسی ایسے معاملے کی طرف متوجہ بھی ہوتے ہیں تو اکثر جذباتی انداز میں ہوتے ہیں، وہ کسی نظریے یا دعوت کو قبول کرتے وقت عام طور پر زیادہ متحرک اور فعال ثابت ہوتے ہیں اور یوں مسابقت میں بظاہر دروں بین introverts سے آگے نکل جاتے ہیں۔ انسانی مزاج کا یہ فرق انبیاء کرام کی شخصیات میں بھی پایا جاتا ہے کچھ انبیاء کا مزاج صدیقین سے مناسبت رکھتا ہے اور کچھ شہداء سے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مزاج جلالی تھا کہ مصر میں ایک آدمی کو مکا مارا تو اس کی جان ہی نکل گئی انسانی مزاج کے اعتبار سے اکثر انبیاء کی شخصیات صدیقیت کے ساتھ مناسبت رکھتی ہیجبکہ اکثر انبیاء کی شخصیات شہداء جیسی ہیں ہر رسول کو اپنی قوم کی طرف شاہد بنا کر بھیجا گیا کار رسالت یعنی دعوت و تبلیغ اور اتمام حجت میں عمل کا پہلو غالب ہے جبکہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ساری انسانیت کے لیے گواہی دینے والا، خوش خبری سنانے والا اور خبردار کرنے والا بھیجا گیا ہے۔

## حالیہ توانائی بحران دنیا کے کسی بھی پچھلے بحران سے بڑا بحران: آئی اے ای اے

### دنیا کو اس وقت تیل کے تاریخی بحران کا سامنا ہے


ویانا، 24مارچ (یو این آئی) بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی (آئی ای اے) نے حالیہ توانائی بحران کو دنیا کے کسی بھی پچھلے بحران سے بڑا بحران قرار دیدیا۔ بین الاقوامی توانائی ایجنسی کے ایگزیکٹوڈائریکٹر فاتح بیرول نے کہا کہ دنیا کو اس وقت تیل کے تاریخی بحران کا سامنا ہے، آبنائے ہُرمز کی بندش اور تیل بردار جہازوں پر حملوں نے عالمی تیل سپلائی کو یومیہ 11 ملین بیرل تک گھٹا دیا ہے، اتنی کمی 70 کی دہائی کے بحران میں بھی نہیں ہوئی تھی۔ آسٹریلیا میں بات کرتے ہوئے آئی ای اے کے ایگزیکٹوڈائریکٹر فاتح بیرول نے کہا دنیا کو اس وقت 70 کی دہائی سے بڑے توانائی بحران کا سامنا ہے، 70 کی دہائی میں دنیا نے 1973 اور 1979 میں تیل کا بحران دیکھا تھا پھر 2022 میں روس اور یوکرین کی جنگ شروع ہونے پر گیس کا عالمی بحران سامنے آیا تاہم یہ بحران اتنی شدت کا نہیں تھا۔ انہوں نے کہا ایل این جی سپلائی 140 ارب کیوبک میٹر کم ہوئی ہے جبکہ روس یوکرین جنگ پر یہ کمی 75 ارب کیوبک میٹرز رہی تھی۔ انہوں نے کہا حالیہ ایران، اسرائیل امریکہ تنازعے میں اب تک 9 ملکوں کے 40 توانائی مراکز تباہ ہو چکے ہیں، دنیا کی معیشت کو بدترین خطرے کا سامنا ہے۔ فاتح بیرول بولے بدقسمتی سے ابتدا میں اس بحران کو بہتر طور پر سمجھا ہی نہیں گیا اور یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اس موضوع پر عوام میں آ کر بات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فاتح بیرول نے بتایا کہ وہ مختلف ملکوں سے ان کے محفوظ ذخائر سے تیل کی ریلیز کی بات کے لیے رابطوں میں ہیں لیکن محفوظ ذخائر سے تیل کی ریلیز مسئلے کا حل نہیں، مسئلہ آبنائے ہُرمز کی بندش کے خاتمے کے ساتھ ہی حل ہوگا۔



## ایران اور اسرائیل کے درمیان حملوں کا تبادلہ،

### تل ابیب میں میزائل کے ٹکڑے گرنے سے متعدد زخمی

تہران/ ۲۴مارچ/ (آفاق نیوز ڈیسک) ایران میں جاری جنگ کے 25ویں روز منگل کو کشیدگی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ تازہ ترین اطلاعات کے مطابق اسرائیلی ٹی وی چینل '12' نے مغربی ایران میں اسرائیلی فضائی حملوں کی نئی لہر کی اطلاع دی ہے۔ اسرائیلی فوج نے رات گئے تہران کے قلب میں کارروائیوں کی تصدیق کی ہے۔ دوسری جانب جنوبی اسرائیل میں ایرانی میزائلوں کے ٹکڑے گرنے سے تل ابیب میں دھوئیں کے بادل اٹھتے دکھائی دیے۔ اسرائیلی ریڈیو کے مطابق تل ابیب میں 7 مقامات پر ملبہ گرا، جس کے نتیجے میں کم از کم 6 افراد زخمی ہوئے اور 3 عمارتوں کو نقصان پہنچا۔ اس سے قبل تل ابیب اور وسطی اسرائیل میں سائرن بجنے کے بعد زوردار دھماکے سنے گئے۔ اسرائیلی فوج نے 'دیمونا' اور 'بئر السبع' کے گردونواح میں بھی نئے میزائل حملوں اور ملبہ گرنے کی اطلاع دی ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کا دعویٰ ہے کہ ان کے میزائلوں نے اسرائیل کے کئی دفاعی نظاموں کو توڑ دیا ہے۔ ادھر فارس 'نیوز ایجنسی' کے مطابق منگل کی صبح امریکہ اور اسرائیل نے وسطی ایران کے شہر اصفہان میں توانائی کی دو تنصیبات کو نشانہ بنایا۔ یہ حملے ڈونلڈ ٹرمپ کے اس بیان کے چند گھنٹے بعد ہوئے جس میں انہوں نے آبنائے ہرمز نہ کھلنے کی صورت میں بجلی گھروں کو نشانہ بنانے کی دھمکی دی تھی۔ جنوبی مغربی ایران میں خرم شہر پاور پلانٹ کی گیس پائپ لائن کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ انہوں نے تہران میں پاسداران انقلاب کے انٹیلی جنس ہیڈکوارٹرز، بیلسٹک میزائلوں کے مراکز اور فضائی دفاعی تنصیبات سمیت شمال اور وسطی ایران میں 50 سے زائد اہداف پر حملے کیے ہیں۔ امریکی حکام نے وال اسٹریٹ جرنل' اخبار کو بتایا کہ آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے دی گئی مہلت ختم ہوتے ہی جمعہ تک ہزاروں امریکی میرینز مشرق وسطیٰ پہنچ جائیں گے۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز' کے مطابق واشنگٹن ایران میں فوجی آپریشنز کی معاونت کے لیے چھاتا بردار فوجیوں کے جنگی بریگیڈ کی تعیناتی پر غور کر رہا ہے، جس کا ایک مقصد ایران کے جزیرہ خارگ پر کنٹرول حاصل کرنا ہو سکتا ہے۔ واضح رہے کہ 28 فروری سے جاری اس مشترکہ مہم میں تہران سمیت کئی شہر روزانہ کی بنیاد پر بم باری کا شکار ہیں۔ ان حملوں میں ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای سمیت اعلیٰ قیادت کی ہلاکت کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ جواباً ایران اسرائیل اور خلیج میں امریکی مفادات پر ڈرون اور میزائل حملے کر رہا ہے۔ سیاسی محاذ پر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ بنیادی نکات" پر اتفاق کا دعویٰ کیا ہے۔



## تہران کے جوہری پروگرام سے دستبرداری سمیت ٹرمپ کا 15 نکات پر مشتمل معاہدے کا دعویٰ

### ایران میں نظام کی تبدیلی کا عمل جاری ہے: امریکی صدر

واشنگٹن/ ۲۴مارچ/ (آفاق نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایرانی وزارت خارجہ کی جانب سے مذاکرات کی تردید کا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے ملک نے ایران کی درخواست پر انتہائی ٹھوس بات چیت کی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ ان مذاکرات کے نتائج کے منتظر ہیں۔ فلوریڈا میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے بتایا کہ معاہدے کے بنیادی نکات پر اتفاق ہو چکا ہے اور تقریباً تمام امور طے پا گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے ایلچی اسٹیو وٹکوف اور داماد جیرڈ کشنر نے گذشتہ روز ایرانیوں کے ساتھ مذاکرات کیے جو شام تک جاری رہے اور انتہائی کامیاب رہے۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ اگر وہ اس معاہدے پر آگے بڑھتے ہیں تو جنگ ختم ہو جائے گی، میرا خیال ہے کہ یہ جنگ کو بڑے پیمانے پر ختم کر دے گا، لیکن اگر مذاکرات ناکام ہوئے تو ہم دوبارہ حملے شروع کر دیں گے۔ انہوں نے اشارہ دیا کہ اسرائیل بھی ایران کے ساتھ اس معاہدے سے مطمئن ہوگا اور اگر یہ طے پا گیا تو یہ ایران اور خطے کے لیے ایک عظیم شروعات ہوگی، تاہم وہ اس کے حتمی ہونے کی ضمانت نہیں دے سکتے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ان کی انتظامیہ مشرق وسطیٰ میں اپنے شراکت داروں کے مفادات کو مدنظر رکھے ہوئے ہے، خصوصاً جبکہ ان کے کئی ممالک کے ساتھ بہترین تعلقات ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایران معاہدے کے لیے بہت بے چین ہے اور واشنگٹن بھی یہی چاہتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آج ایک میٹنگ ہونی ہے جو شاید فون پر ہو، کیونکہ ایرانی رہنماؤں کے لیے کسی ملک پہنچنا مشکل ہے۔ تاہم ان کا ماننا ہے کہ ان سے ملاقات بہت جلد ہوگی کیونکہ امریکہ 5 دن تک مذاکرات جاری رکھے گا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے انکشاف کیا کہ معاہدے کی شرائط میں یہ شامل ہے کہ ایران افزودہ یورینیم کے اپنے ذخیرے سے دستبردار ہوگا، اور تہران نے ایٹمی ہتھیار حاصل نہ کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ وہ ایران سے تمام جوہری مواد باہر نکالنے کے ہدف کے حصول کے لیے کوشاں ہیں۔ مذاکرات میں اس نکتے پر بھی بات ہوئی کہ ایران میں ایک ایسا بڑا لیڈر ہونا چاہیے جو انتہائی معزز ہو، ساتھ ہی انہوں نے اعلان کیا کہ ایران میں نظام کی تبدیلی کا عمل جاری ہے۔ معاہدے کی شرائط میں ایران کے میزائلوں کے ذخیرے کو بھی محدود کرنے کی شرط رکھی گئی ہے۔ امریکی صدر نے ایران پر واضح کیا کہ وہ مشرق وسطیٰ میں امن چاہتے ہیں۔ نئے ایرانی رہبر اعلیٰ مجتبیٰ خامنہ ای کے بارے میں بات کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ وہ نہیں چاہتے کہ انہیں قتل کیا جائے۔



## امریکہ ایران مذاکرات پاکستان، ترکیہ اور

### مصر کی سہولت کاری میں ہوئے: امریکی ویب سائٹ

واشنگٹن، 24مارچ (یو این آئی) امریکی ویب سائٹ ایکزیوس کے رپورٹر بارک روید کا کہنا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان حالیہ مذاکرات پاکستان، ترکیہ اور مصر کی سہولت کاری میں ہوئے۔ غیر ملکی نیوز ایجنسی رائٹرز نے امریکی ویب سائٹ ایکزیوس کے رپورٹر بارک روید کے حوالے سے خبر دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان، ترکیہ اور مصر تینوں ملک امریکہ اور ایران کے درمیان پیغامات کا تبادلہ کر رہے ہیں۔ بارک روید کے مطابق امریکہ اور ایران کے مذاکرات پاکستان، ترکیہ اور مصر کی سہولت کاری میں ہوئے۔ بارک روید نے مزید لکھا ہے کہ اسرائیلی حکام کہہ رہے ہیں کہ مصالحت کرانے والے ملک چاہتے ہیں کہ اس ہفتے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس، نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف اور ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر کی اسلام آباد میں ایرانی اسپیکر غالیباف سمیت ایرانی وفد سے ملاقات کرائی جائے۔ دوسری جانب برطانوی اخبار فنانشیل ٹائمز نے لکھا ہے کہ پاکستان خود کو ایران کے خلاف جنگ کے خاتمے کے لیے ایک مرکزی ثالث کے طور پر پیش کر رہا ہے اور سینئر پاکستانی حکام ایرانی عہدے داروں اور وٹکوف اور جیراڈ کشنر کے درمیان بیک چینلز رابطے کروا رہے ہیں۔ پاکستانی دفتر خارجہ نے بھی اپنے بیان میں کہا ہے کہ اگر فریقین راضی ہوں تو پاکستان مذاکرات کی میزبانی کیلئے تیار ہے۔

## ایران میں قومی سلامتی کی سپریم کونسل کے نئے سربراہ کی تقرری

تہران/ ۲۴مارچ/ (آفاق نیوز ڈیسک) ایران نے منگل کے روز پاسداران انقلاب کے سابق کمانڈر محمد باقر ذوالقدر کو سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کا نیا سربراہ مقرر کر دیا۔ ایران کے سرکاری ٹی وی کے مطابق ذوالقدر ایک سینئر فوجی اور سیکیورٹی رہنما ہیں، جو ماضی میں پاسداران انقلاب کور میں اعلیٰ عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں اور مختلف حکومتی اور عدالتی ذمہ داریاں بھی نبھا چکے ہیں۔ وہ اس عہدے پر علی لاریجانی کی جگہ لے رہے ہیں، جن کی گزشتہ ہفتے ایک اسرائیلی حملے میں ہلاکت کی تصدیق ہوگئی تھی۔ لاریجانی ایران کے طاقتور ترین سیاسی رہنماؤں میں شمار ہوتے تھے اور ان کی ہلاکت کو اب تک جاری جنگ میں ایک بڑی پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ محمد باقر ذوالقدر سخت گیر سیاسی دھڑے، اسلامی انقلابی افواج کے عوامی فرنٹ کے انتخابی ہیڈکوارٹر کے سربراہ بھی رہ چکے ہیں۔ وہ 2022 سے Expediency Discernment Council کے سیکرٹری کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں، جو ایک ایسا ادارہ ہے جو پارلیمنٹ اور شیعہ علماء وفقہاء کونسل کے درمیان اختلافات کو حل کرتا ہے۔ شیعہ فقہاء کونسل کو قانون سازی کو ویٹو کرنے کا اختیار ہے اور یہ کونسل ملکی انتخابات کی نگرانی کرتی ہے، جس سے ذوالقدر کی تعیناتی ایران کی طاقتور سیاسی اور سیکیورٹی قیادت میں ان کے اہم کردار کی عکاسی کرتی ہے۔



## مشرق وسطیٰ ولاطینی امریکہ کے واقعات غلبہ برقرار رکھنے کی کوشش: روس

ماسکو، 24مارچ (یو این آئی) روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاروف نے کہا ہے کہ ایران جنگ سے خطے کے دیگر ممالک کے شہری بھی متاثر ہوئے۔ مشرق وسطیٰ اور لاطینی امریکہ کے واقعات غلبہ برقرار رکھنے کی کوشش ہے۔ ماسکو گفتگو کرتے ہوئے سرگئی لاروف نے کہا کہ لاطینی امریکہ اور مشرق وسطیٰ میں نہایت ڈرامائی واقعات کے گواہ بنے ہیں، مسئلہ فلسطین 1948 میں حل ہوتا نظر آیا، فلسطین کے موجودہ حالات ناانصافی اور غیر منصفانہ' ہیں۔ روسی وزیر خارجہ نے کہا کہ مسلم اور عرب دوستوں کے ساتھ امن کے قیام کی کوشش کریں گے، خلیج کے گرد سیکیورٹی کے بارے میں طویل المدتی روسی منصوبے پہلے ہی موجود ہیں۔ سرگئی لاروف نے کہا کہ خلیجی سیکیورٹی منصوبہ پانچ عرب ممالک اور ایران کے درمیان باہمی تعاون کا ہے، چین کے ساتھ ہمہ جہت شراکت داری کو مضبوط کر رہے ہیں۔ روسی وزیر خارجہ نے کہا کہ شمالی کوریا کے ساتھ عملی معاہدہ موجود ہے۔

## امریکہ نے اپنے اندازوں کی بنیاد پر جنگ میں جانے کا فیصلہ کیا: قطر

دوحہ، 24مارچ (یو این آئی) قطر نے کہا ہے کہ امریکہ نے اپنے اندازوں کی بنیاد پر جنگ میں جانے کا فیصلہ کیا، کشیدگی میں کمی اور اپنے ملک پر حملے رکوانے کے لیے امریکہ کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ قطری وزارت خارجہ کے ترجمان ڈاکٹر ماجد بن محمد الانصاری نے منگل کو دوحہ میں پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ خلیجی ممالک کو خطے کے سیکیورٹی نظام کا ازسر نو جائزہ لینے کی ضرورت ہے، دفاعی معاہدے مجموعی طور پر مؤثر ثابت ہوئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق دفاتر میں دوبارہ کام شروع کرنے کا فیصلہ سیکیورٹی جائزوں کی بنیاد پر کیا گیا، اب معمول کی زندگی کی طرف واپس جانا ضروری ہے۔ انھوں نے کہا کہ قطر کسی بھی اہم تنصیبات پر ممکنہ حملے کی صورت میں جواب دینے کا حق محفوظ رکھتا ہے، چند دنوں میں ایسا کوئی حملہ ریکارڈ نہیں کیا گیا جس پر باقاعدہ الرٹ جاری کیا جائے۔ ترجمان قطری وزارت خارجہ نے کہا کہ حملوں کا الرٹ جاری نہ




ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ قطر کو نشانہ نہیں بنایا گیا، ایران جنگ کے باعث خلیجی خطے کا سیکیورٹی نظام متاثر ہو چکا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ خلیجی ممالک کو سیکیورٹی نظام کا ازسر نو جائزہ لینے کی ضرورت ہے، دفاعی معاہدے مجموعی طور پر مؤثر ثابت ہوئے ہیں۔

## خلیجی ملکوں کی وارننگ کے بعد ٹرمپ دوران جنگ مذاکرات پر مجبور

### ایران کی اسرائیل اور امریکہ سے جنگ 25ویں روز میں داخل ہوچکی ہے

واشنگٹن، 24مارچ (یو این آئی) ایران سے جنگ کے 24ویں روز اچانک ٹرمپ نے کس کے دباؤ میں آکر ایران سے دوبارہ مذاکرات کی بات کی ہے۔ ایران کی اسرائیل اور امریکہ سے جنگ 25ویں روز میں داخل ہوچکی ہے۔ اس دوران کئی بار ایران کو تباہ کرنے اور جنگ جیتنے کے دعوے کرنے والے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ کے 24ویں بڑا یوٹرن لے لیا۔ ٹرمپ جنھوں نے ایران کو آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے 48 گھنٹے کی مہلت اور مہلت گزرنے کے بعد ایران کے تمام بجلی گھروں کو تباہ کرنے کی دھمکی دی تھی۔ تاہم گزشتہ روز اچانک انہوں نے یہ دھمکی واپس لیتے ہوئے حملہ پانچ دن موخر کرنے اور ایران سے دوبارہ مذاکرات کی بات کی۔ ہر وقت جنگ پر آمادہ اور ایران کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے خواہشمند امریکی صدر ٹرمپ کے رویے میں اچانک یہ تبدیلی کیسے آئی۔ امریکی ادارے بلوم برگ نے اس سے پردہ اٹھا دیا۔ بلوم برگ نے دعویٰ کیا ہے کہ صدر ٹرمپ نے اتحادیوں کی وارننگ کے بعد مذاکرات کا آغاز کیا۔ وہ خلیجی ملکوں کی وارننگ کے بعد ٹرمپ ایرانی انفرااسٹرکچر کو تباہ کرنے سے پیچھے ہٹے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ خلیجی ممالک نے خبردار کیا تھا کہ اس اقدام کے تباہ کن نتائج ہو سکتے ہیں۔ اس تنبیہ کے بعد ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر لکھا کہ ایران کو پانچ دن کی مہلت دے رہے ہیں۔ اور تہران کے ساتھ نئی بات چیت شروع ہو رہی ہے، جس کے ذریعے وہ سمجھتے ہیں کہ کسی معاہدے تک پہنچ کر تنازع حل کیا جا سکتا ہے۔



## ارسولا وان ڈیر لیین نے امریکہ ایران جنگ سے روکنے کا مطالبہ کیا

### ہرمز کے بحران کو کم کرنے کے لیے فوری طور پر بات چیت شروع کی جائے

کینبرا، 24مارچ (یو این آئی) یورپی کمیشن کی صدر ارسلا وان ڈیر لیین نے منگل کو امریکہ اور ایران پر زور دیا کہ وہ مغربی ایشیا میں دشمنی ختم کریں اور آبنائے ہرمز کے بحران کو کم کرنے کے لیے فوری طور پر بات چیت شروع کریں۔ کینبرا میں آسٹریلوی وزیر اعظم انتھونی البانی کے ساتھ ایک تاریخی آزاد تجارتی معاہدے پر دستخط کرنے کے بعد بات کرتے ہوئے، محترمہ لیین نے کہا کہ بڑھتے ہوئے تنازعہ نے عالمی توانائی کی سپلائی کو متاثر کیا ہے اور تیل اور گیس کی قیمتوں کو بڑھا دیا ہے۔ یورپی کمیشن کے صدر نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں سنگین عالمی اقتصادی نتائج کی تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں توانائی کی سپلائی کی صورتحال سنگین ہے۔ ہم سب گیس اور تیل کی قیمتوں، کاروباروں اور معاشروں پر پڑنے والے منفی اثرات کو محسوس کر رہے ہیں۔ یہ بہت ضروری ہے کہ ہم مذاکرات کے ذریعے حل تک پہنچیں اور مغربی ایشیا میں جاری مخاصمت کا خاتمہ ہو۔ محترمہ لیین نے ایران کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ تجارتی جہازوں اور انفرااسٹرکچر پر حملوں کے ذریعے جہاز رانی کے اہم راستے کو روکنے کی اس کی کوششوں کی مذمت کی جانی چاہیے۔



## ایران پر حملے سے متعلق نئے انکشافات

### جنگ سے قبل نیتن یاہو نے ٹرمپ سے ایرانی سپریم لیڈر کے قتل کا مطالبہ کیا

ویانا، 24مارچ (یو این آئی) ایران کے ایٹمی ہتھیار بنانے سے متعلق اسرائیلی اور امریکی دعوؤں پر عالمی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) نے اہم بیان دے دیا۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز نے ایران پر مسلط کردہ جنگ کے حوالے سے اہم انکشافات کیے ہیں۔ رائٹرز نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ نیتن یاہو نے جنگ سے قبل ٹرمپ سے ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای کے قتل کا مطالبہ کیا اور ٹرمپ نے اسرائیلی وزیر اعظم کے مطالبے پر آپریشن ایپک فیوری کی منظوری دی۔ رائٹرز کے مطابق امریکہ اور اسرائیل کے ایران پر حملے سے 48 گھنٹے قبل اہم ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں نیتن یاہو نے امریکی صدر ٹرمپ کو ایران پر کارروائی کی وجوہات سے آگاہ کیا، نیتن یاہو نے زور دیا کہ مشترکہ طور پر آیت اللہ خامنہ ای کو قتل کر دیں گے، نیتن یاہو کا موقف تھا خامنہ ای کو نشانہ بنانے کا اس سے بہتر موقع نہیں ملے گا۔




## ایران جنگ: خطے میں اب تک کتنی اموات ہوچکیں، ہوشربا تفصیلات جاری

### مجموعی طور پر ہلاکتوں کی تعداد 2638 ہوچکی جب کہ 26 ہزار سے زائد زخمی

دبئی، 24مارچ (یو این آئی) ایران، اسرائیل اور امریکہ جنگ کے دوران مشرق وسطیٰ میں اب تک ہونے والے جانی نقصان کی ہوشربا تفصیلات سامنے آ گئیں۔ الجزیرہ نے ایران، اسرائیل اور امریکہ جنگ شروع ہونے سے 23 مارچ تک جانی نقصانات کے اعداد وشمار سے متعلق ایک رپورٹ میں بتایا ہے کہ خطے میں مجموعی طور پر ہلاکتوں کی تعداد 2638 ہوچکی جب کہ 26 ہزار سے زائد زخمی ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ جنگ میں سب سے زیادہ اموات ایران میں ہوئیں، جہاں 1500 افراد لقمہ اجل بن چکے جب کہ لبنان میں ہونے والے حملوں میں 1001 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔ عراق میں 61، قطر میں 16، یو اے ای میں 8، کویت میں 6، فلسطین اور شام میں چار 4، عمان میں 3، سعودی عرب اور بحران میں دو، دو افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ اس کے علاوہ اسرائیل میں 18 افراد ہلاک ہوئے جب کہ ایران جنگ کے دوران اب تک 13 امریکی فوجی بھی مارے گئے ہیں۔ جنگ کے دوران اب تک خطے میں 26 ہزار سے زائد افراد زخمی ہو چکے ہیں اور سب سے زیادہ زخمی ایران میں ہیں، جہاں حملوں کے دوران 18 ہزار 551 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ اس کے بعد سب سے زیادہ زخمیوں کی تعداد اسرائیل میں ہے، جہاں ایران اور حزب اللہ کے حملوں میں 4697 افراد زخمی ہو چکے ہیں۔ لبنان میں اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں 2584 افراد، یو اے ای میں 160، اردن میں 28، سعودی عرب میں 20 افراد زخمی ہوئے جب کہ عراق، کویت اور بحرین میں بھی دشمن کے حملوں سے درجنوں افراد زخمی ہو چکے ہیں۔

Printer,PublisherandChiefEditor:GhulamJeelaniQadri,Printedat:AafaqPrintersNowhattaSrinagar,Publishedfrom11,PratabParkPressEnclaveLalchowkSrinagar190001
R.N.INo.43732/85,P.No.K/77,Phone:0194-2452028,Fax:0194-2475279.Email:afaaqkashmir@yahoo.com